27مارچ2017ء

اسٹیٹ بینک اوکاڑہ میں زرعی قرضے سے آگاہی کا پروگرام کرے گا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان، بینکنگ سروسز کارپوریشن (بینک)، لاہور منگل 28 مارچ 2017ء کو ضلع اوکاڑہ میں کاشت کاروں کے لیے زرعی قرضے سے آگاہی کا ایک پروگرام بینکوں کے اشتراک سے منعقد کرے گی۔

اس آگاہی پروگرام کا مقصد کاشت کاروں اور بینکاری صنعت کے مابین فاصلے کو کم کرنا، اسٹیٹ بینک کی جانب سے زرعی قرضے سے متعلق مختلف پالیسیاں کاشت کاروں کے علم میں لانا، اور مختلف بینکوں اور زراعت سے متعلق دیگر سپلائرز کی جانب سے پیش کی گئی پراڈکٹس اور خدمات سے کاشت کاروں کو آگاہ کرنا ہے۔

اس پروگرام میں اسٹیٹ بینک، ایس بی پی بی ایس سی، محکمہ زراعت حکومت پنجاب، مختلف جامعات، بینکوں اور دیگر سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کی اہم شخصیات شرکت کریں گی۔ نیز، کاشت کاروں کے سوالوں پر بھی گفتگو کی جائے گی۔ بینکوں اور دوسرے سرکاری و غیر سرکاری اداروں کی جانب سے اسٹال بھی لگائے جائیں گے۔

****